NEW YORK STATE | Department of Health | Medicaid

nystateofhealth™
The Official Health Plan Marketplace

# Medicaid ایک نظر میں

## کون اہل ہے؟

کم آمدنی والے وہ باشندے جو:

- حاملہ خواتین اور شیر خوار بچے ہیں؛
- 1-18 سال کی عمر کے بچے ہیں؛
- زیر کفالت بچوں کے والدین اور نگراں رشتے دار ہیں؛ یا
- 19-64 سال کی عمر کے بالغ افراد، جو حاملہ نہ ہوں اور Medicare کے لیے اہل نہ ہوں۔

## کیا چیز محیط ہے؟

- ہسپتال کی ان پیشنٹ اور آؤٹ پیشنٹ خدمات
- کلینک کی خدمات
- Child/Teen Health Program کے تحت 21 سال سے کم عمر کے بچوں کے لیے ابتدائی اسکریننگ، تشخیص اور علاج
- دوائیں، رسد، طبی آلات اور ساز و سامان جیسے وہیل چیئرز، وغیرہ
- لیباریٹری اور ایکسرے خدمات
- ڈاکٹروں اور معالجین دندان کے ذریعے تدارکی صحت اور دانت کی نگہداشت اور علاج
- نرسنگ ہوم میں نگہداشت
- گھریلو صحت ایجنسیوں کے ذریعہ نگہداشت اور ذاتی نگہداشت
- نفسیاتی اسپتالوں میں علاج (21 سال سے کم عمر افراد یا 65 سال یا اس سے زیادہ عمر کے افراد کے لئے)، ذہنی صحت کی سہولیات اور ایسی سہولیات جو ان لوگوں کی مدد کرتے ہیں جنہیں ترقیاتی معذوریاں لاحق ہیں
- خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات
- طبی اپائنٹمنٹس کے لیے نقل و حمل، بشمول عوامی نقل و حمل اور کار مائلیج
- ہسپتال میں ہنگامی ایمبولنس کے ذریعہ نقل و حمل
- سگریٹ نوشی ترک کرنے والے پروڈکٹس جیسے چیونگ گم اور پوٹلیاں

بعض خدمات عمر، مالی حالات، کنبہ جاتی صورتحال، یا رہائشی انتظامات کی وجہ سے محیط نہیں ہو سکتی ہیں۔ بعض خدمات کے لیے معمولی ضمنی ادائیگیاں ہو سکتی ہیں۔ اگر آپ منضبط نگہداشت کے منصوبے میں ہیں تو فارمیسی کی خدمات کے لیے معمولی ضمنی ادائیگی کو چھوڑ کر، آپ کو ضمنی ادائیگی نہیں کرنی پڑے گی۔

NY State of Health قابل اطلاق وفاقی دیوانی حقوق کے قوانین اور ریاستی قوانین کی تعمیل کرتا ہے اور نسل، رنگ، قومی بنیاد، مسلک/مذہب، جنس، ازدواجی/کنبہ جاتی حیثیت، معذوری، گرفتاری کے ریکارڈ، مجرمانہ سزا یابی (سزا یابیوں)، صنفی شناخت، صنفی رجحان، ثانوی جینیاتی خصوصیات، فوجی حیثیت، خانگی تشدد کے متاثر کی حیثیت اور/یا انتقام کی بنیاد پر امتیازی سلوک نہیں کرتا ہے۔

**ہم سے رابطہ کریں:**

1-855-355-5777 | health.ny.gov/medicaid | nystateofhealth.ny.gov یا TTY 1-800-662-1220

# مجھے کیسے پتہ چلے گا کہ میری آمدنی اور وسائل مجھے Medicaid کے لیے اہل قرار دیتے ہیں؟

ذیل کا چارٹ دکھاتا ہے کہ آپ کو ہر سال کتنی رقم موصول ہو سکتی ہے اور پھر بھی آپ Medicaid کے لیے اہل قرار پا سکتے ہیں۔*
آمدنی کی سطحیں اس بنیاد پر ہیں کہ آپ کے ساتھ خاندان کے کتنے افراد رہتے ہیں؟

| 2025 کی سالانہ آمدنی کی سطحیں | | | | |
|---|---|---|---|---|
| گھرانے کا سائز | والدین/نگراں یا بغیر بچے والے تنہا جوڑے یا 19 اور 20 سال کی عمر کے وہ بالغان جو والدین کے ساتھ نہیں رہتے ہیں۔<br>FPL کا 138% | بچے<br>عمر 1 - 18<br>FPL کا 154% | والدین کے ساتھ رہنے والے 19 اور 20 سال کی عمر کے بالغان<br>FPL کا 155% | حاملہ خواتین، 1 سال سے کم عمر کے شیر خوار بچے، یا خاندانی منصوبہ بندی کے فوائد کے لیے اہل افراد<br>FPL کا 223% |
| 1 | $21,597 | $24,101 | $24,258 | $34,900 |
| 2 | $29,187 | $32,571 | $32,783 | $47,165 |
| 3 | $36,777 | $41,041 | $41,308 | $59,430 |
| 4 | $44,367 | $49,511 | $49,833 | $71,695 |
| 5 | $51,957 | $57,981 | $58,358 | $83,960 |
| 6 | $59,547 | $66,451 | $66,883 | $96,225 |
| 7 | $67,137 | $74,921 | $75,408 | $108,490 |
| 8 | $74,727 | $83,391 | $83,933 | $120,755 |
| 9 | $82,317 | $91,861 | $92,458 | $133,020 |
| 10 | $89,907 | $100,331 | $100,983 | $145,285 |
| اضافی شخص | $7,590 | $8,470 | $8,525 | $12,265 |

2025 کے وفاقی افلاس کی سطحوں (Federal Poverty Levels, FPL) کی بنیاد پر۔ آمدنی کی سطحیں ہر سال FPL کے لحاظ سے ایڈجسٹ کی جا سکتی ہیں۔

**Medicaid پر کتنی لاگت آتی ہے؟**

**ماہانہ پریمیئمز:** Medicaid کے لیے کوئی ماہانہ پریمیم نہیں ہے۔
**لاگت میں حصہ داری:** Medicaid کے تحت بعض خدمات کے لیے ایک معمولی ضمنی ادائیگی مطلوب ہوتی ہے، لیکن بعض اوقات ایسے بھی ہوتے ہیں جب کوئی ضمنی ادائیگی درکار نہیں ہوتی ہے۔
Medicaid کے تحت ضمنی ادائیگیوں میں کبھی جو زیادہ سے زیادہ ادائیگی آپ کریں گے وہ $200 ہوگی۔

Medicaid کے بارے میں اکثر پوچھے سوالات اور جوابات کی فہرست کے لیے اس پتے پر جائیں: **health.ny.gov/medicaid**